اِبْرَاهِيْمَ اَوْ حِيْنَ نَادَى النَّاسَ بِالْحَجِّ وَاِنْ وَهَمَ الْوَاهِمُ اِنَّ الْحَجَرَ
الصَّلْبَ صَارَ تَحْتَ قَدَمَیْ اِبْرَاهِيْمَ مُلَيِّنًا كَالْعَجِيْنِ وَالطِّيْنِ فَمَا
وَجْهُ اَفْضَلِيَّةِ مُحَمَّدٍ مَعَ اَنَّ اَفْضَلِيَّتَهٗ عَلٰى جَمِيْعِ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ
بَلْ عَلٰى تَمَامِ الْمَخْلُوْقَاتِ ثَابِتَةٌ بِالْاِتِّفَاقِ قُلْتُ اِنَّ تَلَيُّنَ الْحِجَارَةِ
تَحْتَ قَدَمِ نَبِيِّنَا بَلْ تَحْتَ ذِرْعِهٖ وَسَاعِدِهٖ اَيْضًا ثَابِتَةٌ بِالدَّلَائِلِ
الْبَاهِرَاتِ وَالْحُجَجِ الْقَاهِرَاتِ كَمَا نَصَّهُ الْكُمَلَاءُ فِيْ تَصَانِيْفِهِمْ مِثْلُ
اِمَامِ اَبِيْ سُلَيْمَانُ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْخَطَّابِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنِ
الْمَكِّيِّ وَاِسْحَاقَ ابْنِ اِبْرَاهِيْمَ وَمُعَاوِيَةَ ابْنِ صَالِحٍ وَالثَّعْلَبِيِّ
وَالطَّرْطُوْسِيِّ وَالْبَيْهَقِيِّ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ وَالْبُخَارِيِّ وَاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ
فِيْ قَصِيْدَتِهٖ وَاِمَامِ اِبْرَاهِيْمَ النَّخْعِيِّ وَشَرَفُ الدِّيْنِ اَبُوْ عَبْدُ اللّٰهِ
فَاضِلِ صَاحِبِ قَصِيْدَةِ الْهَمْزِيَّةِ وَشَيْخِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الصَّفُوْرِيِّ
فِيْ كِتَابِ نُزْهَتِهٖ **شعر** هٰذَا الَّذِیْ اِنْ مَشٰی فِی الرَّمْلِ لَا اَثَرَ
يُرٰى لَهٗ وَيُرٰى فِي الصَّخْرِ وَالْجَبَلِ وَغَيْرِهِمْ رَحِمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَكَمَا
حَقَّقَهُ الْعَلَّامَةُ الْاَعْظَمُ مِنْ عُلَمَاءِ الزَّمَانِ مَوْلٰنَا فَرِيْدُ الدِّيْنِ

الشّهیدِ الواعظِ الجامعِ الدِّہلوِیْ فِیْ سَیْفِ المَسْلُوْلِ عَلٰی مَنْ اَنکَرَ اَثَرَ قَدَمِ الرَّسُوْلِ فِیْ رَدِّہٖ دَلِیْلِ المُحکَمِ فِیْ نَفْیِ اَثَرِ القَدَمِ لِنَذِیْرِ الحُسَیْنِ

ترجمہ کہا ابوبکر احمد بن محمد بن عباس بلخی محدث نے تفسیر عمان فی معانی القرآن مین نیچے قول خدا فِیْہِ اٰیَاتٌ بَیِّنَاتٌ مَقَامُ اِبْرَاہِیْمَ وَقَوْلُہٗ تَعَالٰی فِیْہِ اَیْ فِی الْبَیْتِ یعنے بیت اللہ مین نشانہان ہین روشن مقام ابراہیمؑ ایک پتھر ہے سخت اور اُسمین ظاہر ہوا نقش قدم ابراہیم علیہ السلام کا جبکہ کھڑے ہوئے ابراہیمؑ اوسپر وقت بنانے بیت اللہ کے یا وقت دھونے بیوی اسمٰعیل علیہ السلام کی سر ابراہیمؑ کو یا جسوقت آواز دی ابراہیم نے واسطے حج کے اور اگر وہم کرے کوئی وہم کرنے والا کہ پتھر سخت نیچے قدم ابراہیمؑ کے ہوگیا نرم مثل خمیر کے پس کیا فضیلت ہوئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی باوجود اسکے کہ فضیلت حضرت کی سب نبیون پر اور رسولون پر بلکہ سب مخلوقات پر ثابت ہے بالاتفاق کہتا ہون مین کہ نرم ہونا پتھر کا نیچے قدم ہمارے حضرت کے بلکہ نیچے کہنی اور کلائی کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ثابت ہے ساتھ دلیلون روشن اور دلیلون غالب کے جیسا کہ لکھا علمائے کاملین نے اپنی اپنی تصانیف مین مانند امام ابی سلیمان احمد بن محمد بن ابراہیم خطابی کے اور محمد بن مالکی اور اسحاق بن ابراہیم اور معاویہ بن صالح اور ثعلبی اور طرطوسی اور بیہقی اور ابو نعیم اور بخاری اور امام اعظم ابوحنیفہ کوفی نے قصیدہ اپنے مین اور امام ابراہیم نخعی اور شرف الدین ابوعبداللہ فاضل صاحب قصیدہ ہمزیہ نے اور عبدالرحمن صفوری نے کتاب نزہت مین اپنے لکھا ایک قصیدہ اوسمین سے ایک شعر یہ ہے **شعر** ھٰذَا الَّذِیْ اِنْ مَشٰی فِی الرَّمْلِ لَا اَثَرَ یُرٰی لَہٗ وَیُرٰی فِی الصَّخْرِ وَالْجَبَلِ یعنے وہ نبیؐ ہے اگر چلنا تھا ریت مین

نہین اثر دیکھا جاتا تھا واسطے اوسکے اور دیکھا جاتا تھا بیچ پتھر اور پہاڑ کے اور سوا اُنکے رحمت کرے اللہ تعالیٰ ان سب پر اور جیسا کہ ہمارے زمانے کے علما نے ثابت کیا کہ انمین سے مولانا فرید الدین مرحوم شہید واعظ مسجد جامع دہلی نے سیف المسلول علیٰ من انکر اثر قدم الرسول مین جو کہ رد مین دلیل المحکم فی نفی اثر القدم کے ہے جو کہ تالیف نذیر حسین کا ہے اور مولوی کریم اللہ صاحب محدث نے اپنے رسائل مین اور مولوی فضل رسول اور مولوی حسن الزمان صاحب قول المستحسن نے اور مولوی عبد الرحمٰن صاحب اور مولانا حاجی قاسم مرحوم وغیرہ نے اپنی اپنی تصانیف مین اثبات نقش قدم کیا ہے بلکہ ثبوت نقش قدم شریف جو دہلی مین ہے بوجہ احسن ثابت کیا ہے اور کہا حافظ شیرازی نے **بیت**

برزمینی کہ نشانِ کفِ پایٔ تو بود — سالہا سجدۂ صاحب نظران خواہد بود

واللہ اعلم بالصواب

اَلْبَابُ السَّادِسُ فِی الْخَاتِمِیَّۃِ وَعَدَمِ النَّظِیْرِ فِی الْخَاتِمِیَّۃِ وَالْفَضَائِلِ فِیْ سَائِرِ الْمَخْلُوْقَاتِ لِاَفْضَلِ الْمَخْلُوْقَاتِ

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ وَفِی الْحَدِیْثِ الْقُدْسِیِّ جَعَلْتُکَ اَوَّلَ النَّبِیّٖنَ وَاٰخِرَھُمْ بَعْثًا رَوَاہُ الْبَزَّازُ **ترجمہ** باب چھٹا بیچ بیان خاتم النبیین اور بیمثل ہونے خاتمیت مین اور فضائل مین بیچ تمام مخلوقات کے واسطے بزرگتر مخلوقات محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جیسا کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین یعنے لکن محمد رسول اللہ کا ہے اور خاتم انبیا ہے اور حدیث قدسی مین ہے کیا تجھ کو اے محمد اول انبیا کا اور آخر انبیا کا از روئے بعث کے یعنے رسول کر کر سب سے بعد بھیجا روایت کیا اوسکو بزار نے اور ذکر کیا امام سیوطی نے اتمام الدرایہ مین قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ **ترجمہ** یعنے

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین کوئی نبی بعد میرے اور درمیان تفسیر روح البیان کے نقل کیا ہدیۃ المہدیین سے جوکہ ایمان لایا ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پس واجب ہے یہ کہ ایمان لاوے ساتھ اوسکے کہ مقرر آنحضرت رسول ہمارے اور خاتم الانبیا اور رسل ہین پس جبکہ ایمان لایا کہ حضرت رسول ہین اور نہ ایمان لایا اوسپر کہ خاتم الرسل ہین نہوگا وہ مؤمن اور کہا اشباہ النظائر مین جبکہ نہ جانا کہ محمد آخر الانبیا ہین پس نہین ہے وہ مسلم

اور مثنوی مین ہے — بیت

بہر این خاتم شدہ است او کہ بجود	مثل اونے بود ونے خواہد بود

وَفِي الْمُسْلِمِ خُتِمَ بِيَ النَّبِيُّوْنَ وَكِذْبُ اللّٰهِ تَعَالٰى مُحَالٌ وَالْمُحَالُ لَيْسَ تَحْتَ الْقُدْرَةِ كَمَا فِي الْعَقَائِدِ الْحَافِظِيَّةِ وَلَا يُوْصَفُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِالْقُدْرَةِ عَلَى الظُّلْمِ وَالسَّفَهِ وَالْكِذْبِ لِاَنَّ هٰذِهِ الْاَشْيَاءَ مُحَالٌ وَالْمُحَالُ لَا يَدْخُلُ تَحْتَ الْقُدْرَةِ فَهٰذِهِ الْاَشْيَاءُ لَا يَدْخُلُ تَحْتَ الْقُدْرَةِ وَكُلُّ لَا يَدْخُلُ تَحْتَ الْقُدْرَةِ لَا يُوْصَفُ بِهِ اللّٰهُ تَعَالٰى كَمَا فِي شَرْحِ الْعَقَائِدِ الْجَلَالِيَّةِ وَوَعْدُ اللّٰهِ لَيْسَ بِخِلَافٍ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ فَلَوْ كَانَ فِي اِرَادَةِ الْاَزَلِ نَبِيٌّ اٰخَرُ مَا يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَى الْاِطْلَاقِ اِنَّهٗ خَاتَمُ الْاَنْبِيَاءِ بَلْ يَكْفِي عَلٰى قَوْلِهٖ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰهِ فَقَطْ وَالَّذِيْ لَيْسَ فِيْ اِرَادَتِهِ الْاَزَلِيَّةِ فَهُوَ خَارِجٌ عَنْ تَحْتِ الْقُدْرَةِ كَمَا جَاءَ فِي الْجَلَالَيْنِ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ اَيْ شَاءَهٗ قَدِيْرٌ فَالَّذِيْ لَا يَتَعَلَّقُ بِهٖ مَشِيْئَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى خَارِجٌ عَنْ عُمُوْمِ الْاٰيَةِ

ترجمہ صحیح مسلم مین ہے کہ فرمایا حضرت نے ختم کیے گئے ساتھ میرے نبی اور کذب اللہ کا محال ہے اور محال نہین ہے تحت قدرت کے جیسا کہ ہے عقائد

حافظیہ میں ہے کہ موصوف نہیں ہوتا اللہ ساتھ قدرت کے ظلم اور بیوقوفی جھوٹھ پر اسواسطے کہ مقرر یہ چیزیں محال ہیں اور محال نہیں داخل تحت قدرت کے پس یہ چیزیں نہیں داخل تحت قدرت کے اور جو چیزیں نہیں داخل تحت قدرت کے نہ موصوف ہوگا اللہ ساتھ اوسکے جیسا کہ شرح عقائد جلالیہ میں ہے اور وعدہ اللہ کا خلاف نہیں مانند قول اللہ تعالیٰ کے اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ بیشک اللہ نہیں خلاف کرتا وعدہ کو پس اگر ہوتا ارادہ ازل میں نبی دوسرے کا نہ فرماتا اللہ تعالیٰ مطلقا خاتم الانبیاء بلکہ کفایت کرتا قول اپنے پر محمد رسول اللہ فقط اور جو کہ اوسکے ارادہ ازل میں نہیں وہ خارج ہے تحت قدرت سے جیسا کہ آیا تفسیر جلالین میں اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَیْ شَآءَہٗ قَدِیْرٌ مقرر اللہ ہر چیز پر کہ چاہا ہے اسکو ازل میں قادر ہے پس جو شئے کہ نہیں متعلق ہوئی ساتھ اسکے مشیت ایزدی وہ خارج ہے عموم آیت سے وَقَالَ الْمُلَّا عَلِی قَارِی فِی الْمِنَحِ الْاَزْہَرِ خُصَّ قَوْلُہٗ تَعَالٰی اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ بِمَا شَآءَ لِیَخْرُجَ مِنْہُ ذَاتُہٗ وَصِفَاتُہٗ وَمَا لَمْ یَشَآءْ مِنْ مَخْلُوْقَاتِہٖ وَمَا تَکُوْنُ مِنَ الْمُحَالِ وُقُوْعُہٗ فِیْ کَائِنَاتِہٖ وَالْحَاصِلُ اِنَّ کُلَّ شَیْءٍ تَعَلَّقَتْ بِہٖ مَشِیَّتُہٗ تَعَلَّقَتْ بِہٖ قُدْرَتُہٗ وَاِلَّا فَلَا یُقَالُ ھُوَ قَادِرٌ عَلَی الْمُحَالِ لِعَدَمِ وُقُوْعِہٖ وَلُزُوْمِ کِذْبِہٖ وَلَا یُقَالُ غَیْرُ قَادِرٍ عَلَیْہِ تَعْظِیْمًا لِاَدَبِہٖ مَعَ رَبِّہٖ وَھٰھُنَا دَلِیْلٌ اٰخَرُ عَلٰی کَوْنِ الْاٰیَۃِ خَاصَّۃً بِمَا ذُکِرَ وَھُوَ اِنَّ الشَّیْءَ فِیْ مَذْھَبِ اَھْلِ السُّنَّۃِ بِمَعْنَی الْمَوْجُوْدِ کَمَا فِی الْعَقِیْدَۃِ الْحَافِظِیَّۃِ وَالْمَعْدُوْمُ لَیْسَ بِمَرْئِیٍّ کَمَا اَنَّہٗ لَیْسَ بِشَیْءٍ وَبِھٰذَا یَلْزِمُ جَوَازُ اِطْلَاقِ الشَّیْءِ عَلَی اللّٰہِ تَعَالٰی لِاَنَّ مَوْجُوْدِیَّۃٌ ثَابِتَۃٌ عِنْدَ الْکُلِّ فَعِنْدَ

اَخَذَ الْاٰیَۃَ عَامًّا یَلْزَمُ اللّٰہُ قَادِرًا عَلٰی ذَاتِہٖ لَوْکَانَ قَادِرًا عَلٰی ذَاتِہٖ کَانَ ذَاتُہٗ مَقْدُوْرًا وَکُلُّ مَقْدُوْرٍ تَحْتَ قُدْرَتِہٖ فَکَانَ ذَاتُہٗ مِنَ الْمُمْکِنَاتِ فَھٰذَا مُحَالٌ اَیْضًا فَھٰذِہِ الْاٰیَۃُ مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ خَاصٌ اَیْضًا **ترجمہ** کہا ملا علی قاری نے مسح الازہر مین خاص کیا گیا قول خدا اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ ساتھ مَا شَاءَ کے یعنے جس چیز کو چاہا تا کہ نکلے اوس سے ذات اور صفات اوسکی اور جسکو نہین چاہا اپنی مخلوقات سے اور جو کہ محال ہے وقوع اوسکا بیچ موجودات اوسکے کے غرض حاصل کلام یہ ہے جو شے کہ متعلق ہوئی ساتھ اوسکے مشیت ایزدی سے متعلق ہوئی اوسکے ساتھ قدرت اوسکی اور نہین کہا جائیگا کہ اللہ تعالیٰ قادر ہے محال پر واسطے نہ وقوع ہونے اوسکے کے اور لازم ہونے کذب اور دروغ اللہ تعالیٰ کے اور نہ کہا جائیگا غیر قادر بھی اوسپر تعظیماً بسبب ادب کے ساتھ ذات اللہ تعالیٰ کے اور اس مقام مین دلیل اور بھی ہے اوپر ہونے آیت کے خاص ساتھ مذکور القدر کے اور وہ یہ ہے مقرر ہے شئے بمعنی موجود مذہب اہل سنت مین جیسا کہ مذکور ہے عقیدۂ حافظیہ مین اور معدوم دیکھا نہین جاتا جیسا کہ لیس شئے ہے اور اسی سبب سے لازم آتا ہے جواز اطلاق شئے کا اللہ پر اسواسطے کہ موجود ہونا اللہ کا ثابت ہے نزدیک سب کے پس وقت اختیار کرنے آیت کے عام لازم آتا ہے اللہ قادر ہے اپنی ذات پر جبکہ ہوا قادر ذات پر تو ذات اوسکی مقدور ہوئی اور جو مقدور ہے وہ تحت قدرت ہے پس اس صورت مین ذات اللہ کی ممکنات سے ٹھہری پس یہ بھی محال ہے پس تو یہ آیت اس وجہ سے بھی خاص ہوئی وَفِی الْحَدِیْثِ الْقُدْسِیِّ لَوْلَا مُحَمَّدٌ لَمَا اَظْہَرْتُ رُبُوْبِیَّتِیْ رَوَاہُ الحاکم

ترجمہ اور حدیث قدسی مین ہے اگر نہوتا محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو نہ ظاہر کرتا مین ربوبیت اپنی کو نقل کیا اس حدیث کو حاکم نے وَاَیْضًا فِیْهِ مَا خَلَقْتُ خَلْقًا اَکْرَمُ عَلَیَّ مِنْكَ وَلَقَدْ خَلَقْتُ الدُّنْیَا وَاَهْلَهَا لِاُعَرِّفَهُمْ کَرَامَتَكَ وَمَنْزِلَتَكَ عِنْدِیْ وَلَوْلَاكَ مَا خَلَقْتُ الدُّنْیَا رَوَاهُ اِبْنُ عَسَاکِرَ فَثَبَتَ اَنَّ نَظِیْرَ الْحَضْرَةِ فِی الْحَقِیْقَةِ الْخَاتِمِیَّةِ وَالْفَضَائِلِ مُحَالٌ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ **ترجمہ** اور بھی حدیث قدسی مین ہے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے نہین پیدا کیا مین نے کسی کو مخلوقات سے بزرگتر نزدیک اپنے تجھسے اور البتہ تحقیق پیدا کیا دنیا اور جو کچھ کہ اسمین ہے تو کہ پہچانین وہ اور معلوم کرا وین اونکو بزرگی اور مرتبہ تیرا جو کہ نزدیک میرے ہے اور اگر نہ ہوتا تو نہ پیدا کرتا مین دنیا کو روایت کیا اوسکو ابن عساکر نے پس ثابت ہوا کہ بلاشک وشبہ نظیر اور مثل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بیچ حقیقت خاتمیت اور فضیلت کے مخلوقات مین محال ہے اور کہا مولانا شاہ عبدالعزیز دہلوی نے **شعر**

یَا صَاحِبَ الْجَمَالِ وَیَا سَیِّدَ الْبَشَرِ	مِنْ وَّجْهِكَ الْمُنِیْرِ لَقَدْ نُوِّرَ الْقَمَرُ
لَا یُمْكِنُ الثَّنَاءُ کَمَا کَانَ حَقُّهٗ	بَعْدَ اَزْ خدا بزرگ تُوْئِیْ قِصَّہ مُخْتَصَرْ

واللہ اعلم بالصواب

الباب السابع

فِیْ اِبْطَالِ مَنْعِ تَعْظِیْمِ الْاَشْیَاءِ الَّتِیْ هِیَ مَنْسُوْبَةٌ اِلَی الْمَحْبُوْبِ عِزِّ الْعَرَبِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْسُوْبَةً قَطْعِیَّةً اَوْ ظَنِّیَّةً کَالْعِمَامَةِ وَالشَّعْرِ وَالنَّعْلَیْنِ وَغَیْرِ ذٰلِكَ

ترجمہ باب ساتوان بیچ باطل اور رد کرنے قول مانع تعظیم اون چیزونکی جو کہ منسوب ہے طرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے منسوب قطعی ہو یا ظنی مثل پگڑی اور عمامہ یا موئے مبارک یا نعلین شریفین اور سوا اس کے قَالَ الْمُلَّا عَلِی قَارِیْ فِی الْمَنَحِ الْاَزْهَرِ مَنْ قَالَ لِعُلْوِیٍّ عِلْوٍ یَّا بِالْاِسْتِخْفَافِ

باب سابع نہج الشیئ

فذر

فَقَدْ كَفَرَ لَا تُقْبَلُ تَوْبَتُهُ وَلَا عُذْرُهُ وَإِنْ ادَّعَى سَهْوًا أَوْ غَلَطًا **ترجمہ** کہا ملا علی قاری نے بیچ مسح الازہر کے جسنے کہا علوی کو علو یا واسطے سبکی کے پس تحقیق وہ کافر ہوا اور نہ مقبول ہوگی توبہ اوسکی اور نہ عذر اوسکا اور اگرچہ پکارا ہو بھول چوک سے وَفِي رَدِّ الْمُخْتَارِ أَيُّمَا رَجُلٍ سَبَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ كَذَّبَهُ أَوْ عَابَهُ أَوْ تَنَقَّصَهُ فَقَدْ كَفَرَ بِاللّٰهِ تَعَالٰى وَبَانَتْ مِنْهُ امْرَأَتُهُ وَإِنْ تَابَ فِيهَا وَإِلَّا قُتِلَ **ترجمہ** رد المختار شرح در المختار مین ہے کسی نے گالی دی مسلمان ہوکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یا جھٹلایا یا عیب پکڑا یا نقصان پکڑا حضرت مین پس بلاشک منفرد وہ کافر ہوا ساتھ اللہ تعالیٰ کے اور جدا ہوگئی اوس سے عورت اوسکی اور اگر توبہ کی اوسنے پس بہتر ہے ورنہ قتل کیا جاوے وَفِي الشِّفَاءِ لِلْقَاضِي عِيَاضٍ إِنْ شَاتِمَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوِ الْمُنْتَقِصَ لَهُ صَرَاحَةً أَوْ كِنَايَةً أَوْ إِشَارَةً فَهُوَ كَافِرٌ وَحُكْمُهُ عِنْدَ الْأَئِمَّةِ الْقَتْلُ وَمَنْ شَكَّ فِي كُفْرِهِ أَوْ عَذَابِهِ كَفَرَ وَكَانَ عِنْدَ بَعْضِ الْعُلَمَاءِ الْمُتَأَخِّرِينَ وَالْمُحَدِّثِينَ مِثْلُ إِمَامِ أَبِي بَكْرِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ وَالْحَافِظِ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ وَخَطِيبِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَرْزُوقٍ التِّلِمْسَانِيِّ وَأَبِي عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الرَّشِيدِ الْفِهْرِيِّ وَأَبِي عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ جَابِرٍ وَابْنِ الرَّبِيعِ وَابْنِ الْبَنَّاءِ وَأَبِي إِسْحَاقَ وَمَالِكِ ابْنِ الْمُرَحَّلِ وَابْنِ عَسَاكِرَ وَابْنِ أَبِي الْخِصَالِ وَأَبِي الْحَاكِمِ وَابْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ الْمَرَّاكُشِيِّ وَبَدْرِ الْفَارُوقِيِّ وَالْحَافِظِ السَّخَاوِيِّ وَالْحَافِظِ الْعِرَاقِيِّ وَالشَّيْخِ يُوسُفَ الْمَالِكِيِّ وَالْحَافِظِ وَغَيْرِهِمْ نَعْلُهُ الشَّرِيفُ وَمِنْهُمْ مَنْ يُنَقِّشُ وَيُصَوِّرُ عَلَى الْقِرْطَاسِ صُورَةَ النَّعْلِ الْمُبَارَكِ مُوَافِقًا الْعَرْضِ وَالطُّولِ

لِتَعْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَیَضَعُوْنَ عِنْدَ هُمْ وَیَأْخُذُوْنَ مِنْهُ الْبَرَکَاتِ وَیَحْصُلُوْنَ الْفَوَائِدَ مِنْهُ وَلَا نَقَصَ اَحَدٌ مِّنَ الْعُلَمَاءِ عَلَیْهِمْ بَلِ اسْتَحْسَنُوْهُ وَالدَّلِیْلُ عَلَیْهِ مَارَاٰهُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَسَنًا فَهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖ حَسَنٌ وَالرَّسَائِلُ فِیْ هٰذَا الْبَابِ کَثِیْرَةٌ مِّنْ اَکَابِرِ الْعُلَمَاءِ کَعَبْدِ الْحَقِّ الدِّهْلَوِیِّ وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدْ بَاقِرْ اٰگاه هشت بهشت وَاَبُوْ جَعْفَرٍ اَحْمَدَ بْنِ الْمَجِیْدِ اَمَّا تَقْبِیْلُ هٰذِهِ التَّمَاثِیْلِ جَائِزٌ بِنِیَّةِ التَّبَرُّكِ کَمَا جَاءَ فِیْ فَتْحِ الْمُتَعَالِ قَالَ مَذْهَبُ کَثِیْرٍ مِّنَ الْعُلَمَاءِ الْمَذَاهِبِ الْاَرْبَعَةِ خُصُوْصًا مِنَ الْمَالِکِیَّةِ فِیْ مَاوَرَدَ بِهِ الشَّرْعُ کَتَقْبِیْلِ حَجَرِ الْاَسْوَدِ وَقَالَ الْعِرَاقِیُّ اَمَّا تَقْبِیْلُ اَمَاکِنِ الشَّرِیْفَةِ عَلٰی قَصْدِ التَّبَرُّكِ وَاَیْدِ الصَّالِحِیْنَ وَاَرْجُلِهِمْ فَهُوَ حَسَنٌ مَّحْمُوْدٌ وَاَیْضًا فِیْهِ اَخْبَرَنِی الْحَافِظُ اَبُوْ سَعِیْدِ ابْنِ الْعَلَاءِ قَالَ رَاَیْتُ فِیْ کَلَامِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ فِیْ جُزْءٍ قَدِیْمٍ عَلَیْهِ خَطُّ ابْنِ نَاصِرٍ وَغَیْرِهٖ مِنَ الْحُفَّاظِ اِنَّ الْاِمَامَ اَحْمَدَ ابْنِ حَنْبَلٍ سُئِلَ عَنْ تَقْبِیْلِ قَبْرِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْبَرِهٖ فَقَالَ لَا بَاْسَ بِذٰلِكَ وَقَدْ رُوِیَ اَنَّ الْاِمَامَ اَحْمَدُ غَسَلَ قَمِیْصَ الشَّافِعِیِّ وَشَرِبَ الْمَاءَ الَّذِیْ غَسَلَهٗ بِهٖ وَقَالَ الْمُحِبُّ الطَّبْرِیُّ یُمْکِنُ اَنْ یُّسْتَنْبَطَ مِنْ تَقْبِیْلِ الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ وَاسْتِلَامِ الْاَرْکَانِ جَوَازُ تَقْبِیْلِ الشَّیْءِ الَّذِیْ فِیْهِ تَعْظِیْمٌ لِلّٰهِ تَعَالٰی۔ ترجمہ شفاء قاضی عیاض میں ہے کہ اگر گالی دی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یا نقص پکڑا ظاہراً یا اشارہ یا کنایہ وہ کافر ہے اور حکم اوسکا نزدیک ائمہ کے قتل ہے اور جسنے شک کیا اوسکے کفر میں وہ بھی کافر ہے اور تھے پاس بعض علمائے اکابر متاخرین اور محدثین سے مثل امام

ابی بکر بن عربی اور حافظ ابی عبداللہ اور خطیب الخطبا ابن عبداللہ ابن مرزوق تلمسانی اور ابی عبداللہ ابن رشید فہری اور ابی عبداللہ محمد ابن جابر اور ابن ربیع اور ابن برا اور ابی اسحاق اور مالک ابن مرحل اور ابن عساکر اور ابن جمال اور ابی الحاکم اور ابن عبدالملک المرکشی اور بدر فارقی اور حافظ سخاوی اور حافظ عراقی اور شیخ یوسف مالکی اور حافظ سیوطی وغیرہ کہ پاپوش مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور بلکہ بعضے ان اکابرین سے نقشہ اور تصویر بناتے کاغذ پر نعل شریف کا موافق عرض اور طول نعل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور رکھتے تھے اپنے پاس اور اوس سے برکات اور فوائد حاصل کیا کرتے تھے اور کسی نے طعن نہ کیا اوپر علماسے بلکہ نیک اور مستحسن جانا اوسکو اور اوسپر دلیل یہ ہے کہ آیا حدیث مین مَا رَاٰہُ الْمُؤْمِنُوْنَ الحدیث جسکو دیکھا مومنون نے نیک پس وہ اللہ اور اللہ کے رسول کے نزدیک بھی نیک ہے اور رسالے اس باب مین بہت ہین اکابر علما سے جیسا کہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے بیان کیا شرح سفر السعادت مین اور مولوی محمد باقر آگاہ ہشت بہشت نے اور ابو جعفر احمد ابن عبدالمجید نے اور تقبیل اور بوسہ ان نقشونکا جائز ہے جیسا کہ آیا فتح المتعال مین کہ کہا مذہب اکثر علما مذاہب اربعہ کا نصوصاً مالکیہ سے بیچ اوس چیز کے کہ وارد ہوئی شرع ساتھ اوسکے مانند بوسہ حجر اسود کے اور کہا عراقی نے مگر چومنا مکانون متبرک کا بقصد تبرک اور ہاتھون صلحا اور پیرون صلحا کا پس وہ نیک اور اچھا ہے اور بھی فتح المتعال مین ہے کہ خبر دی مجھکو حافظ ابو سعید ابن العلائے کہ کہا دیکھا مین نے کلام احمد ابن حنبل کے ایک جز قدیم مین کہ اسپر خط تھا ابن ناصر وغیرہ کا حفاظ سے کہ تحقیق امام احمد ابن حنبل سے پوچھا بوسہ دینے کو قبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور منبر کو حضرت کے

فرمایا کچھ مضائقہ نہین ہے اور کہا شیخ سعدی شیرازی علیہ الرحمہ نے **بیت**

اگر بوسہ برخاک مردان زنی	بمردی کہ پیش آیدت روشنی
کسانیکہ زین طوطیا غافلند	ہمانا کہ پوشیدہ چشم دلند

اور تحقیق روایت ہے کہ امام احمد رحمہ اللہ نے دھویا کرتہ امام شافعی رحمہ اللہ کا اور پانی پیا دھوون کا اور کہا محب طبری نے ممکن ہے استنباط اور اخراج کرنا بوسہ حجر اسود سے اور ارکان سے جواز بوسہ اوس چیز کا کہ جسمین تعظیم ہے اللہ تعالیٰ کے واسطے فقط

الباب الثامن فِي فَضِيْلَةِ الْمَوْلِدِ الشَّرِيْفِ

لِنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مِعْرَاجِ الْمُسْلِمِيْنَ عَنْ اِبْنِ عَبَّاسِ ابْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ كُنْتُ مُوَاخِيًا لِاَبِيْ لَهَبٍ وَمُصَاحِبًا لَهٗ فَلَمَّا مَاتَ وَقَدْ اَخْبَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ مَا اَخْبَرَ فَحَزِنْتُ عَلَيْهِ وَهَمَّنِيْ اَمْرُهٗ فَسَاَلْتُ اللّٰهَ حَوْلًا اَنْ يُّرِيَنِيْ اِيَّاهُ فِي الْمَنَامِ قَالَ فَرَاَيْتُ نَارًا تَلْتَهِبُ فَسَاَلْتُهٗ مِنْ حَالِهٖ فَقَالَ ذَهَبْتُ اِلَى النَّارِ فِي الْعَذَابِ فَلَا يُخَفَّفُ عَنِّي الْعَذَابُ اِلَّا لَيْلَةَ الْاِثْنَيْنِ مِنْ كُلِّ اللَّيَالِيْ وَالْاَيَّامِ فَاِنَّهٗ يُرْفَعُ الْعَذَابُ عَنِّيْ قُلْتُ وَكَيْفَ ذٰلِكَ فَقَالَ وُلِدَ فِيْ تِلْكَ اللَّيْلَةِ مُحَمَّدٌ فَجَاءَتْنِيْ اَمَةٌ فَبَشَّرَتْنِيْ بِوِلَادَتِهٖ فَفَرِحْتُ لِمَوْلِدِهٖ وَاَعْتَقْتُهَا فَرَحًا فَاَثَابَنِيَ اللّٰهُ بِاَنْ رَفَعَ عَنِّي الْعَذَابَ فِيْ كُلِّ لَيْلَةِ الْاِثْنَيْنِ لِذٰلِكَ **ترجمہ** معراج المسلمین مین ہے کہ کہا عباسؓ بن عبد المطلب نے کہ تھا مین بھائی ابی لہب کا اور یار اوسکا پس جب مرگیا وہ اور تحقیق خبر دی اللہ تعالیٰ نے اوس سے جو کہ خبر دی پس غمگین ہوا مین اوسپر اور رنج مین ڈالا مجھکو اوسکے کام نے پس سوال کیا مین نے اللہ تعالیٰ سے ایک سال تک کہ دکھلاوے اللہ مجھکو اوسکے تئین خواب مین کہا حضرت عباسؓ نے پھر دیکھا آگ کہ شعلہ مار رہی ہے پس پوچھا مین نے اوسکو حال اُسکے سے

پس کہا اوسنے گیا مین طرف عذاب نار کے پس نہین ہلکا ہوتا مجھ سے عذاب مگر شب دوشنبہ کو تمام راتون اور دنون سے پس مقرر اُٹھتا ہے عذاب میرے سے کہا مین نے یہ کیونکر اور کیا سبب ہے پس کہا پیدا ہوئے اوس شب مین محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور پھر آئی میرے پاس لونڈی اور بشارت دی مجھ کو ساتھ ولادت صلی اللہ علیہ وسلم کے پس خوش ہوا مین بسبب پیدا ہونے اوسکے کے اور آزاد کیا مین نے اوسکو واسطے خوشی کے پس ثواب دیا مجھکو اللہ نے بسبب خوشی مولود حضرت کے ساتھ اوٹھانے میرے پر سے عذاب کو ہر شب دوشنبہ مین اسیطرح ذکر کیا فاضل شمس الدین انصاری نے منہاج مین اور شیخ نے ماثبت بالسنۃ مین کہا کہ قَالَ ابْنُ الْجَوْزِیُّ فَاِذَا کَانَ هٰذَا اَبُوْلَهَبِ الْکَافِرِ الَّذِیْ نَزَلَ الْقُرْاٰنُ بِذَمِّهٖ جُوْزِیَ فِی النَّارِ بِفَرْحَةِ لَیْلَةِ مَوْلُوْدِ النَّبِیِّ فَمَا حَالُ الْمُسْلِمِ الْمُوَحِّدِ مِنْ اُمَّتِهٖ یُسَرُّ بِمَوْلِدِهٖ وَیَبْذِلُ مَا تَصِلُ اِلَیْهِ قُدْرَتُهٗ فِیْ مَحَبَّتِهٖ لِعُمْرِیْ اِنَّمَا یَکُوْنُ جَزَاءُهٗ مِنَ اللّٰهِ الْکَرِیْمِ اَنْ یُّدْخِلَهٗ بِفَضْلِهِ الْعَمِیْمِ جَنَّاتِ النَّعِیْمِ وَلَا زَالَ اَهْلُ الْاِسْلَامِ یَحْتَفِلُوْنَ الشَّهْرَ مَوْلِدِهٖ وَیَعْمَلُوْنَ الْوَلَائِمَ وَیَتَصَدَّقُوْنَ فِیْ لَیَالِیْهِ اَنْوَاعَ التَّصَدُّقَاتِ وَیُظْهِرُوْنَ السُّرُوْرَ وَیَزِیْدُوْنَ فِی الْمَبَرَّاتِ وَیَعْتَنُوْنَ بِقِرَاءَتِ مَوْلِدِهِ الْکَرِیْمِ وَیَظْهَرُ عَلَیْهِمْ مِنْ بَرَکَاتِهٖ کُلُّ فَضْلٍ عَمِیْمٍ وَمَا جُرِّبَ مِنْ خَوَاصِّهٖ اَمَانٌ فِیْ ذٰلِكَ الْعَامِ وَبُشْرٰی عَاجِلَةٌ بِنَیْلِ الْبُغْیَةِ وَالْمَرَامِ فَرَحِمَ اللّٰهُ امْرَاً اتَّخَذَ لَیَالِیْ شَهْرِ مَوْلِدِهِ الْمُبَارَكِ اَعْیَادًا لِیَکُوْنَ اَشَدَّ عِلَّةً عَلٰی مَنْ فِیْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَعِنَادٌ ترجمہ کہا ابن جوزی نے پس جبکہ یہ ابولہب کافر جسکی مذمت مین نازل ہوا قرآن نجات دیا گیا آگ مین

بسبب خوشی کرنے رات پیدائش نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کیا حال مسلمان موحد کا امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ خوشی کرتا ہے ساتھ مولد اوسکے کے اور خرچ کرتا ہے موافق قدرت اپنی کے بیچ محبت اوسکی کے قسم مجھکو عمر اپنی کی کہ ہووے جزا اوسکی اللہ کریم کیطرف سے یہ کہ داخل کرے اوسکو اپنے فضل عام کے ساتھ جنات النعیم مین اور ہمیشہ اہل اسلام جمع ہوتے ہین مہینے مولود حضرت مین اور کرتے ہین ولیمے اور دعوتین اور تصدق کرتے ہین راتونمین اوسکی طرح طرح کے تصدقات اور خیرات اور ظاہر کرتے ہین خوشی اور زیادتی کرتے ہین نیکیون مین اور امید اور قصد رکھتے ہین ساتھ پڑھنے مولود حضرت رسول کریم کے اور ظاہر ہوتی ہین اُنپر برکتین اونکی ہر فضل عام سے اور تجربہ کیا گیا خاص مولود شریف سے امان اس برس مین اور مبارکی اور بشارت عاجلہ ہے ساتھ حاصل کرنے مراد اور مقصدون کے پس رحم کرے اللہ تعالیٰ اوس آدمی پر کہ اختیار کی راتین شہر مولود حضرت کی عیدین تو کہ ہووے سخت علت اوس پر جسکے دلمین مرض اور عناد ہے وَقَالَ فِی التَّنْوِیْرِ فِیْ مَوْلُوْدِ الْبَشِیْرِ عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کَانَ یُحَدِّثُ ذَاتَ یَوْمٍ فِیْ بَیْتِہٖ وَقَائِعَ وِلَادَتِہٖ بِقَوْمٍ فَیَسْتَبْشِرُوْنَ وَیَحْمَدُوْنَ وَاِذَا جَاءَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ حَلَّتْ لَکُمْ شَفَاعَتِیْ ترجمہ بیچ تنویر فی مولود البشیر کے ہے منقول ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ تھے ابن عباسؓ بیان کرتے ایکدن اپنے گھر مین حالات ولادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک قوم کے اور وہ قوم بیان مولود شریف سے خوشی کرتی تھی اور حمد کرتی تھی کہ ناگاہ گذر حضرت کا اوس جگہ ہوا فرمایا واجب ہوئی تمپر شفاعت تمھاری وَفِیْہِ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ مَرَّ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

إِلٰى بَيْتِ عَامِرِ الْأَنْصَارِيْ يُعَلِّمُ وَقَائِعَ وِلَادَتِهٖ لِأَبْنَائِهٖ وَعَشِيْرَتِهٖ وَ يَقُوْلُ هٰذَا الْيَوْمُ هٰذَا الْيَوْمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى فَتَحَ عَلَيْكَ أَبْوَابَ الرَّحْمَةِ وَالْمَلٰئِكَةُ يَسْتَغْفِرُوْنَ **ترجمہ** ابی الدردا صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کہتے ہین گیا مین ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر مین عامر انصاریؓ کے کہ وہ سکھارہا تھا وقائع ولادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے بیٹونکو اور کنبے کو اور کہتا تھا کہ یہ دن ہے یہ دن ہے پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کھولے اللہ تعالیٰ نے اوپر تیرے دروازے رحمت کے اور واسطے تمھارے ملائکہ استغفار کرتے ہین اور مولانا شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ نے تفسیر عزیزی مین تفسیر والضحیٰ مین کئی معنی لکھی ہے اور ایک معنی یون لکھا ہے صفحہ ۳۸۰ اور سطر ۱۳ چھا پا کلکتہ سے وبعضی مفسرین چنین گفتہ اند کہ مراد از ضحیٰ روزِ ولادتِ پیغمبر است صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم ومراد از لیل شب معراج است یعنے قسم کھاتا ہون مین روز ولادت تیرے کی اور قسم کھاتا ہونمین شب معراج کی تیرے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور تفسیر روح البیان مین تحت آیت مُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّأْتِيْ مِنْ بَعْدِي اسْمُهٗ أَحْمَدُ کے لکھا ہے کہ جناب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود احوال عجائبات جو کہ والدہ آپکی نے وقت حمل حضرت کے ملاحظہ فرمائے ہین زبان مبارک سے بیان فرمائے اور بشارتین دینی ہر نبیون کی آدم سے لیکر عیسیٰؑ تک پنی اپنی امت کو حضرت کے مولود کی خوب لکھی ہین اور تفسیر کبیر کے اول جلد مین تحت تفسیر مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ کے امام فخر رازیؒ لکھتا ہے کہ فرمایا حضرت نے میری ولادت ہوئی زمانے مین بادشاہ عادل کے پس جبکہ ذکر مولود اور انعقاد مجلس قرآن اور حدیث سے ثابت ہو تو اب

جو منکر ہوا اس سے گویا منکر قرآن اور حدیث کا ہوا اور بلکہ اجماع ہے اسپر علماء ہند اور سندھ اور علماء عرب کا اور خصوصاً اہل حرمین اور علما اور مفتیان مذاہب اربعہ کا چنانچہ استفتا اس باب مین کئی آچکے اور جو جو علماء مذاہب اربعہ سے مجوز ہین انعقاد مجلس مولود کے نام اونکے یہ ہین حضرت شیخ الفقہا والمحدثین تاج العلما والعارفین شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی اور امام المحدثین ابوالفرج ابن جوزی فقیہ حنبلی اور ابوالخطاب عمر بن دحیہ کلبی اور ابن خلکان محدث شافعی اور علامہ قسطلانی شارح صحیح بخاری اور شیخ القراء حافظ ابن الجزری اور محمد بن علی دمشقی اور حافظ ابوالخیر سخاوی اور حافظ عماد الدین ابن کثیر اور علامہ طغرل صاحب در المنتظم اور امام نووی شافعی شارح صحیح مسلم اور حافظ ابو شامہ استاد نووی اور شیخ ابوالحسن اور ابوبکر الحجاز اور ابن محمد نعمان اور ابو موسیٰ ترموزی اور حافظ شمس الدین، ناصر الدین دمشقی اور جلال الدین یوسف الحجاز اور یوسف بن علی شامی اور امام بن بطاح اور امام مخلص کتانی اور امام علامہ ظہیر الدین اور شیخ نصیر الدین اور شیخ عمر بن الملاح اور امام صدر الدین بن عمر شافعی اور حافظ ابن حجر صاحب المولد الکبیر اور حافظ دمشقی اور جلال الدین سیوطی اور شارح ابن ماجہ اور امام محقق ابوذرعہ غزالی حسین اور شیخ ابن ابو حجر ہاشمی اور احمد بن محمد مدنی المشہور بالغشانی اور امام برزنجی اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی اور ملا علی قاری کہ یہ بزرگوار رکن رکین دین متین خاتم النبیین وحامل حدیث سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم ہین اقوال ان بزرگوارون کے مستند مانعین بھی ہین ان سب کو مرتکب بدعت ضلالت کا قولاً اور فعلاً جاننا اور مولود شریف کو تشبیہ ساتھ جنم کنہیہ کے دینی خالی سوء ادب سے اور سوء ظن سے نزدیک اہل انصاف کے نہین ہے وَنَقَلَ فِی اَسْنَادِ الْاَنْجَادِ عَنْ

بَعْضِ الْعُلَمَاءِ اَنَّہٗ رَاٰیَ النَّبِیَّ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مَاتَقُوْلُ فِیْ هٰذِهِ الْمَوَالِیْدِ الَّتِیْ یَصْنَعُهَا النَّاسُ وَیَجْتَمِعُوْنَ لَهَا وَیَفْرَحُوْنَ بِهَا وَیُنْفِقُوْنَ فِیْهَا الْاَمْوَالَ وَیَرَوْنَهَا مِنْ مَصَالِحِ الْاَعْمَالِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ فَرِحَ بِنَا فَرِحْنَا بِہٖ وَالْمُحِبُّ مَعَ مُحِبِّہٖ

ترجمہ اور نقل کیا اسنادالافتجار مین بعض علما سے کہ مقرر دیکھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب مین پس کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا فرماتے ہین آپ مولودون مین کہ لوگ کرتے ہین اوسکو اور جمع ہوتے ہین واسطے مولود کے پڑھنے اور سننے کے اور خوشی کرتے ہین ساتھ سننے مولود کے اور خرچ کرتے ہین اسمین مال اور جانتے ہین اسکو نیک عملون سے پس فرمایا حضرتؐ نے جو خوشی کرتا ہے ساتھ ہمارے ہم خوش ہوتے ہین ساتھ اوسکے اور دوست ہوتا ہے ساتھ دوست اپنے کے مگر مقرر کرنا عرس کے دن کا بنا بر اوسکے ہے کہ کہا صاحب مجموع الروایات نے اِذَا اَرَادَ اَنْ یَتَّخِذَ الْوَلِیْمَۃَ تَجْهَدُ بِاِدْرَاكِ یَوْمِ مَوْتِہٖ وَیَحْتَاطُ فِی السَّاعَۃِ الَّتِیْ نَقَلَ رُوْحُہٗ فِیْهَا لِاَنَّ اَرْوَاحَ الْمَوْتٰی یَاْتُوْنَ فِیْ اَیَّامِ الْاَعْرَاسِ فِیْ کُلِّ عَامٍ فِیْ ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ فِیْ تِلْكَ السَّاعَۃِ یَنْبَغِیْ اَنْ یَّطْعَمَ الطَّعَامَ وَیَشْرِبَ الشَّرَابَ فِیْ تِلْكَ السَّاعَۃِ فَاِنَّہٗ بِذٰلِكَ یَفْرَحُ رُوْحُہٗ وَاِنَّ فِیْہِ نَاتِیْرًا بَلِیْغًا هٰکَذَا نُقِلَ مِنْ خَزَانَۃِ الْجَلَالِیْ وَجَمْعِ الْجَوَامِعِ عَنْ جَلَالِ الدِّیْنِ السُّیُوْطِیْ **ترجمہ** جبکہ ارادہ کرے ولیمہ اور کھانا کھلانے کا اللہ کے واسطے بہ نیت ایصال ثواب واسطے روح میت کے کوشش کرے ساتھ دریافت کرنے دن انتقال اور مرنے میت کے اور احتیاط کرے اوس ساعت مین کہ جس مین روح نے اوسکی نقل کی اسواسطے کہ مقرر اروا حین مردون کی آتی ہین دن

نسخہ الامرات

عرسوں کے ہر برس مین اوسی جگہ مین اوسی ساعت مین پس لائق تر ہے یہ کہ
کھلاوے کھانا اور پلاوے پانی اُسی ساعت مین اسواسطے کہ مقرر ساتھ اُسکے
خوش ہوتی ہے روح اوسکی اور مقرر اسمین تاثیر بہت ہے اور اسیطرح نقل کیا
گیا خزانہ جلالی اور جمع الجوامع سے اور ما ثبت بالسنۃ مین ہے وَقَدْ ذَکَرَ بَعْضُ
الْمُتَأَخِّرِيْنَ مِنْ مَشَائِخِ الْمَغْرِبِ اَلْيَوْمُ الَّذِیْ وَصَلُوْا فِیْهِ اِلٰی جَنَابِ
الْعِزَّةِ وَخَطَائِرِ الْقُدْسِ يُرْجٰی فِیْهِ مِنَ الْخَيْرِ وَالْبَرَكَةِ وَالْكَرَامَةِ
وَالنُّوْرَانِيَّةِ اَكْثَرُ وَاَوْفَرُ مِنْ سَائِرِ الْاَيَّامِ **ترجمہ** اور تحقیق ذکر کیا بعض
متاخرین مشائخ مغرب سے وہ روز کہ جس مین واصل ہوئے وہ طرف جناب
عزت اور حظائر اور مقامات قدس کے امید ہوتی ہے اسمین خیر و برکت اور
کرامت اور نورانیت سے اکثر اور زیادہ تر سب دنون سے وَاَمَّا الْقِيَامُ عِنْدَ
ذِكْرِ وِلَادَةِ النَّبِيِّ فِیْ قِرَاءَةِ الْمَوْلُوْدِ الشَّرِيْفِ تَعْظِيْمًا لَهٗ اَمْرٌ لَا شَكَّ
فِیْ اِسْتِحْسَانِهٖ وَاسْتِحْبَابِهٖ وَنُدُبِهٖ كَمَا قَالَ اِمَامُ الْبَرْزَنْجِیُّ فِیْ مَوْلِدِ
النَّبِيِّ قَدِ اسْتَحْسَنَ الْقِيَامَ عِنْدَ ذِكْرِ مَوْلِدِهِ الشَّرِيْفِ اَئِمَّةٌ ذُوْ رِوَايَةٍ
وَدِرَايَةٍ فَطُوْبٰی لِمَنْ كَانَ تَعْظِيْمُهٗ غَايَةَ مَرَامِهٖ وَمَرْمَاهُ **ترجمہ** اور
اے پر قیام ذکر ولادت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان قرأت مولد شریف
کے واسطے تعظیم حضرت کے ایک امر ہے کہ نہین شک بیچ مستحسن اور مستحب اور
مندوب ہونے مین اوسکے جیسا کہ ذکر کیا اور کہا امام برزنجی نے درمیان
عقیدۃ الجواہر فی مولد النبی الاطہر مین کہ تحقیق مستحسن رکھا ہے قیام کو
وقت ذکر مولد شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اماموں صاحب روایت
اور درایہ نے پس خوشی اُسکے لیئے ہو کہ تعظیم صلی اللہ علیہ وسلم کی نہایت مقصد
اور مُراد اوسکی اور کہا امام غزالی رحمہ اللہ نے احیاء العلوم مین جبکہ کھڑا ہو کوئی

ذکر قیام کا وقت ذکر ولادت نبی صلعم

وجد صادق مین یا اختیار سے بغیر اظہار وجد کے اور کھڑی ہووے واسطے اسکے جماعت پس ضرور ہے موافقت سے اور فتوے مفتیان مذاہب اربعہ کے سکنائے مکہ معظمہ سے زاد اللہ شرفا و تعظیما بیچ جواز قیام کے وقت ذکر ولادت آنحضرت کے بہت تحریر ہوئے ہین لیکن بسبب طوالت کتاب کے نہین لکھے گئے ہان جسکو منظور ہو دیکھنا تو رسالہ احسن الکلام فی جواز محفل مولد والقیام کو جوکہ تالیف مولانا احسن اللہ غازی پوری کا ہے ملاحظہ کرے مگر نام اون علمار مکہ معظمہ کے جنھون کے مواہیر اوسپر ہین تحریر کیے جاتے ہین عثمان حسن دمیاطی شافعی عبداللہ بن محمد الحنفی مفتی المکۃ المکرمہ حسین بن ابراہیم مفتی المالکیہ بمکۃ محمد بن ابی بکر الریس مفتی الشافعی بمکۃ محمد بن یحیی مفتی الحنابلہ فی المکۃ المشرفہ عبداللہ بن المرحوم عبدالرحمن سراج المفسر والمحدث بمسجد الحرام خلاصہ ان علما کی تحریر کا یہ ہے کہ کھڑا ہونا وقت ذکر پیدایش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایسا امر ہے کہ کچھ شک نہین اوسکے مستحسن اور مستحب ہونے مین طیگا اوس کے فاعل کو ثواب سے حصہ بہت اور درجہ بڑا

الباب التاسع

دَفِیْ ذِکْرِ الْکَلِمَۃِ الطَّیِّبَۃِ مُتَّصِلاً بَعْدَ اَدَاۤءِ الصَّلٰوۃِ فِیْ عُمْدَۃِ الْاَبْرَارِ دَ فَتَاوٰی سَمَرْقَنْدِیْ وَفِیْ شَرْحِ نَوَادِرِ الْبُرْھَانِیْ فِیْ بَابِ الْاَذْکَارِ سُئِلَ عَنْ عُمَرَ عَمَّنْ یَقُوْلُ بَعْدَ اَدَاۤءِ الصَّلٰوۃِ مُتَّصِلاً کَلِمَۃَ الطَّیِّبَۃِ قَالَ اِذَا یَقُوْلُ بَعْدَ اَدَاۤءِ الصَّلٰوۃِ مُتَّصِلاً مَرَّۃً یَغْفِرُ اللّٰہُ ذُنُوْبَہٗ وَبِمَرَّۃٍ ثَانِیَۃٍ اَعْطَاہُ اللّٰہُ تَعَالٰی ثَوَابَ الْاَنْبِیَاۤءِ وَبِمَرَّۃٍ ثَالِثَۃٍ اَعْطَاہُ اللّٰہُ تَعَالٰی ثَوَابَ الْمَلٰۤئِکَۃِ **ترجمہ** باب نوان بیان مین ذکر کرنے کلمہ طیبہ کے متصل بعد نماز کے عمدۃ الابرار مین ہے اور فتاوی سمرقندی اور شرح نوادر البرہانی مین درمیان باب الاذکار کے سوال کیا گیا عمر رضی اللہ عنہ سے اوس شخص سے جو کہ پڑھتا ہے،

بعد نماز کے متصل کلمہ طیب کو کہا اوسنے جبکہ کہتا ہے بعد نماز کے متصل ایک بار بخشتا ہے اللہ تعالیٰ گناہ اوسکے اور ساتھ دو بار کے دیتا ہے اوسکو اللہ تعالیٰ ثواب انبیا کا اور ساتھ تیسری بار کے دیتا ہے ثواب اوسکو ملائکہ کا اور شرح شمائل بیہقی مین ہے وَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ قَالَ بَعْدَ اَدَاءِ الصَّلٰوۃِ مُتَّصِلًا کَانَ لَہٗ اَفْضَلُ مِنْ عِبَادَۃِ اَلْفِ سَنَۃٍ وَفِیْہِ اَیْضًا فِیْ ھٰذَا الْبَابِ اَفْضَلُ الذِّکْرِ وَھُوَ کَلِمَۃُ الشَّھَادَۃِ وَیَمُدُّ بِھَا صَوْتَہٗ حَتّٰی یَاْخُذَ کُلُّ عُضْوٍ مِّنْہُ حَظًّا ھٰکَذَا فِیْ کَنْزِ الْعِبَادِ نَقْلًا عَنْ شَیْخِ الْاِسْلَامِ **ترجمہ** اور تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے کہ جسنے کہا بعد نماز کے متصل کلمہ طیبہ کو حاصل ہوئی اوسکو افضل عبادت ہزار برس سے اور اوسی کتاب کے اُسی باب مین ہے کہ افضل الذکر کلمہ شہادت ہے اور کھینچے ساتھ پڑھنے کلمہ طیبہ کے آواز اپنی کو اتنی کہ حاصل کرے اس سے ہر اعضا حلاوت اور مزہ اسیطرح کنز العباد مین نقل کیا شیخ الاسلام صدر الحق والدین سے اور خوب تحقیق سے لکھا اوسکو شیخ محمد تھانوی نے دلائل الاذکار مین **بیت**

در ہیچ مکان نیم زفکرت خالی		در ہیچ زمان نیم زذکرت غافل	

الباب العاشر فِیْ تَقْبِیْلِ الْاِبْھَامَیْنِ عِنْدَ سَمَاعِ قَوْلِ الْمُؤَذِّنِ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ قَالَ الْحَافِظُ شَمْسُ الدِّیْنِ اَبُوالْخَیْرِ مُحَمَّدُ بْنِ وَجِیْہُ الدِّیْنِ عَبْدُالرَّحْمٰنِ السَّخَاوِیِّ الشَّافِعِیِّ فِی الْمَقَاصِدِ الْحَسَنَۃِ حَدِیْثُ مَسْحِ الْعَیْنَیْنِ بِبَاطِنِ اَنْمُلَتَیِ السَّبَّابَتَیْنِ بَعْدَ تَقْبِیْلِھِمَا عِنْدَ سَمَاعِ قَوْلِ الْمُؤَذِّنِ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ مَعَ قَوْلِ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا ذَکَرَہُ الدَّیْلَمِیُّ فِی الْفِرْدَوْسِ مِنْ حَدِیْثِ اَبِیْ بَکْرِ نِالصِّدِّیْقِ اَنَّہٗ لَمَّا سَمِعَ قَوْلَ الْمُؤَذِّنِ

الباب العاشر

اشھد

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ قَالَ هٰذَا وَقَبَّلَ بِبَاطِنِ اَنْمِلَتَیِ السَّبَّابَتَیْنِ وَمَسَحَ عَیْنَیْہِ فَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ فَعَلَ مِثْلُ مَا فَعَلَ خَلِیْلِیْ فَقَدْ حَلَّتْ لَہٗ شَفَاعَتِیْ **ترجمہ** باب دسوان ذکر مین انگوٹھون چومنے کے وقت سننے قول مؤذن کے اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہا حافظ شمس الدین ابوالخیر محمد بن وجیہ الدین عبدالرحمٰن سخاوی شافعی نے مقاصد حسنہ مین حدیث مسح دونون انگوٹھون کے ساتھ باطن دونون انگشت شہادت کے بعد چومنے اونکے کے وقت سننے قول مؤذن کے اشہد ان محمد رسول اللہ کے ساتھ قول اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَبِیًّا ذکر کیا اسکو دیلمی نے فردوس مین حدیث ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے کہ مقرر جب اونے سُنا قول مؤذن کا اشہد ان محمد رسول اللہ کہا یہ اور چوما دونون پوریونکو انگشت شہادت کی اور لگایا دونون آنکھونکو پس فرمایا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کریگا مثل کرنے خلیل میرے کے پس تحقیق حلال ہوئی واسطے اُسکے شفاعت میری وَقَدْ نُقِلَ عَنْ مُسْنَدِ الْفِرْدَوْسِ الْمُؤَلَّفَۃِ لِحَافِظِ الْاِمَامِ شَہْرَدَارِ ابْنِ الْحَافِظِ شَہْرَدِیَۃِ الدَّیْلَمِیْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَبَّلَ ظُفْرَیْ اِبْہَامَیْہِ عِنْدَ سَمَاعِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ فِی الْاَذَانِ اَنَا قَائِدُہٗ وَمُدْخِلُہٗ فِیْ صُفُوْفِ الْجَنَّۃِ **ترجمہ** اور منقول ہے مسند فردوس تالیف حافظ امام شہردار بن شہرویہ دیلمی سے کہ مقرر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص چومے دونون ناخن انگوٹھون اپنے کو وقت سننے اشہد ان محمد رسول اللہ صلی اللہ کے اذان مین مین لیجانیوالا اور داخل کرنیوالا ہون اوسکو بیچ صفون جنت کے فِیْ جُمَلِ الْاَحَادِیْثِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فِي عَشْرِ الْمُحَرَّمِ عِنْدَ الْأُسْطُوَانَةِ حِذَاءَ أَبِي بَكْرٍ فَقَامَ بِلَالٌ فَأَذَّنَ فَلَمَّا بَلَغَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَقَبَّلَ أَبُوْ بَكْرٍ ظُفْرَيْ إِبْهَامَيْهِ وَوَضَعَهُمَا عَلٰى عَيْنَيْهِ وَقَالَ قُرَّةُ عَيْنِي بِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَلَمَّا فَرَغَ بِلَالٌ مِنَ الْأَذَانِ تَوَجَّهَ النَّبِيُّ إِلٰى أَبِي بَكْرٍ فَقَالَ مَنْ فَعَلَ مِثْلَ مَا فَعَلْتَ يَا أَبَا بَكْرٍ غَفَرَ اللّٰهُ ذُنُوْبَهُ حَدِيْثَهَا وَقَدِيْمَهَا وَعَمَدَهَا وَخَطَاهَا **ترجمہ** اور کہا بیچ جمل الاحادیث کے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے مسجد مین عشرہ محرم الحرام مین نزدیک ستون مسجد کے مقابل ابی بکر رضی اللہ عنہ کے پس کھڑے ہوئے بلال رضی اللہ عنہ پس اذان دی بلال نے پس جبکہ پہنچا بلال اشہد ان محمدا رسول اللہ کو پس بوسہ دیا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دونون ناخن انگوٹھون اپنون کو اور لگایا ان دونون کو اوپر دونون آنکھون اپنی کے اور کہا قرۃ عینی بک یا رسول اللہ پس جبکہ فراغت پائی بلال نے اذان سے توجہ فرمائی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طرف ابی بکر کے پس کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کرے مانند اوسکے کہ کیا تونے یا ابی بکر بخشیگا اللہ گناہ اوسکے نئے اور پرانے اور جانے اور انجانے وَفِي كِتَابِ الْأَحَادِيْثِ الْقُدْسِيَّةِ رُوِيَ أَنَّ آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اشْتَاقَ إِلٰى لِقَاءِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ كَانَ فِي الْجَنَّةِ فَأَوْحَى اللّٰهُ تَعَالٰى إِلَيْهِ هُوَ مِنْ صُلْبِكَ وَيَظْهَرُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ فَأَظْهَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى لَهٗ صُوْرَةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَفَاءِ ظُفْرَيْ إِبْهَامَيْهِ فَمَسَحَ عَلٰى عَيْنَيْهِ فَصَارَ أَصْلًا لِذُرِّيَّتِهِ فَلَمَّا أَخْبَرَ جِبْرَئِيْلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْقِصَّةَ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَنْ سَمِعَ اسْمِي فِي الْأَذَانِ فَقَبَّلَ ظُفْرَيْ إِبْهَامَيْهِ وَمَسَحَ عَلٰى عَيْنَيْهِ لَمْ يَعْمَ أَبَدًا هٰكَذَا

ذَکَرَہُ الثَّعْلَبِیُّ الْمُحَدِّثُ فِیْ کِتَابِ قَصَصِ الْاَنْبِیَاءِ ترجمہ کتاب احادیث قدسیہ مین ہے کہ روایت کی گئی ہے کہ مقرر آدم علیہ السلام مشتاق ہوئے واسطے دیدار لقائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جس وقت کہ تھے جنت مین پس وحی کی اللہ تعالیٰ نے طرف آدمؑ کے کہ وہ تیرے صلب سے نبی اور ظاہر ہوگا آخر زمانے مین پس ظاہر کیا اللہ تعالیٰ نے واسطے آدم علیہ السلام کے صورت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو درمیان صفائی ناخون دونوں انگوٹھون آدم علیہ السلام کے پس پھیرا دونون انگوٹھون آنکھون اپنی پر پس ہوا یہ اصل واسطے اولاد اس کی کے پس جبکہ خبر دی حضرت جبرئیلؑ نے نبی علیہ السلام کو اس قصے کی فرمایا علیہ السلام نے جو شخص سُنے نام میرے کو اذان مین پھر بوسہ دیا اس نے دونون ناخون انگوٹھون اپنے کو اور لگایا اُن کو دونون آنکھون پر نہ اندھا ہوگا کبھی اسی طرح ذکر کیا ثعلبی محدث مفسر نے کتاب قصص الانبیاء مین وَفِیْ کِتَابِ الْفَوَائِدِ فِیْ صفحہ ۱۵ وَسَطر ۱۳ مِنْ طَبْعِ الْمِصْرِ وَعَنْ بَعْضِ الصَّالِحِیْنَ یُرْوٰی عَنِ الْخِضْرِ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَنَّ مَنْ قَبَّلَ اِبْهَامَیْهِ وَمَسَحَ بِهِمَا عَلٰی عَیْنَیْهِ عِنْدَ قَوْلِ الْمُؤَذِّنِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَقَالَ مَرْحَبًا بِحَبِیْبِیْ وَقُرَّةُ عَیْنِیْ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمْ یُصِبْهُ وَجَعُ الْعَیْنِ ترجمہ درمیان کتاب الفوائد کے صفحہ پندرھوان اور سطر تیرھوین مین چھاپہ مصر سے ہے اور بعض صالحین سے ہے کہ روایت کی گئی خضر علیہ السلام سے کہ مقرر جس نے چوما دونون انگوٹھون اپنون کو اور پھیرا دونون آنکھون اپنی پہ وقت قول مؤذن کے اشہد ان محمدا رسول اللہ اور کہا مرحبا بحبیبی قرۃ عینی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نہ پہنچے گی اُسکو ایذا اور دُکھ آنکھ مین اور سوا اس کے ابو العباس احمد بن ابی بکر

کتاب موجبات الرحمۃ مین اور شمس الدین محمد بن صالح مدنی امام مدینہ نے اپنی تاریخ مین اور حافظ رویانی نے جو ایک ائمہ شافعی سے ہین بیچ مسند اپنی کے ساتھ سند اپنی کے حضرت علیؓ سے اور امام باقیؒ نے زرقانی شرح مواہب مین خوب لکھا ہے اور علماء اس زمانے نے بھی بہت رسالے اس باب مین لکھے ہین چنانچہ مولوی حسن الزمان صاحب اور مولوی کریم اللہ صاحب محدث دہلوی نے اور مولوی فرید الدین صاحب مرحوم وغیرہ نے اپنے اپنے رسالون مین ساتھ بسیط کے لکھا ہے

الباب الحادی عشر

فِی الْاِسْتِمْدَادِ عَنْ اَہْلِ الْقُبُوْرِ فِیْ فَتَاوٰی زَادِ اللَّبِیْبِ خَزَانَۃِ الْجَلَالِیْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا تَحَیَّرْتُمْ فِی الْاُمُوْرِ فَاسْتَعِیْنُوْا مِنْ اَہْلِ الْقُبُوْرِ **ترجمہ** باب گیارھواں بیچ مدد چاہنے کے اہل قبور سے بیچ فتاوی زاد اللبیب کے اور خزانہ جلالی کے ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبکہ حیران ہو تم کامون مین پس مدد چاہو تم اہل قبور سے قَالَ حُجَّۃُ الْاِسْلَامِ مُحَمَّدِ الْغَزَالِیُّ کُلُّ مَنْ یُسْتَمَدُّ فِیْ حَیَاتِہٖ یُسْتَمَدُّ بَعْدَ وَفَاتِہٖ **ترجمہ** کہا حجۃ الاسلام امام محمد غزالی رحمہ اللہ نے جو شخص کہ مدد مانگی جاتی ہے اوس سے بیچ زندگی اوسکی کے مدد مانگی جاتی ہے بعد فوت ہونے اوس کے کے وَقَالَ اَحَدٌ مِّنْ مَشَائِخِ الْعِظَامِ رَاَیْتُ اَرْبَعَۃً مِّنَ الْمَشَائِخِ یَتَصَرَّفُوْنَ فِیْ قُبُوْرِہِمْ کَتَصَرُّفِہِمْ فِیْ حَیٰوتِہِمْ مِنْہُمُ الشَّیْخُ الْمَعْرُوْفُ الْکَرْخِیُّ وَالشَّیْخُ عَبْدُ الْقَادِرِ جِیْلَانِیُّ وَ ذَکَرَ رَجُلَیْنِ غَیْرَہُمَا **ترجمہ** اور کہا ایک مشائخ عظام سے دیکھا مین نے چار شخصون کو مشائخ سے کہ تصرف کرتے ہین اپنی قبرون مین مانند تصرف اونکے کے زندگی اپنی مین اون مین سے ہین شیخ معروف کرخی اور حضرت

شیخ عبد القادر جیلانی اور دو آدمی کا ذکر کیا سوا اُن کے وَهَلْ اِمْدَادُ الْحَيِّ
اَقْوٰی اَمْ اِمْدَادُ الْمَيِّتِ قِيْلَ اِمْدَادُ الْحَيِّ وَقِيْلَ اِمْدَادُ الْمَيِّتِ اَقْوٰی
لِاَنَّهٗ فِيْ بِسَاطِ الْحَقِّ وَالنَّقْلُ فِيْ ذٰلِكَ كَثِيْرٌ عَنْ هٰذِهِ الطَّآئِفَةِ
وَلَمْ يُعْرَفْ فِي الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَالْاَقْوَالِ مَا يُنَافِيْ ذٰلِكَ وَلِاَنَّ
الرُّوْحَ بَاقِيَةٌ وَلَهَا عِلْمٌ وَشُعُوْرٌ بِالزَّآئِرِ سِيَّمَا لِاَرْوَاحِ الْكُمَّلِ لِقُرْبِهِمْ
مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى كَمَا كَانَ فِي الْحَيٰوةِ اَوْ اَكْثَرُ **ترجمہ** اور کہا امام حجۃ الاسلام
نے اور آیا امداد حیّ زندہ کی اقویٰ ہے یا امداد میّت کی بعضوں نے کہا امداد زندے
کی اور بعضوں نے کہا امداد مردے کی قوی تر ہے اس واسطے کہ مقرر وہ بیچ
قرب بساط حق کے ہے اور نقلیں اسباب میں بہت ہیں جماعت اولیاء اللہ سے
اور نہیں جانی گئی قرآن اور حدیث اور اقوال میں کوئی چیز جو کہ منافی اور مخالف
ہو اس کو اور واسطے اوس کے کہ مقرر روح باقی رہتی ہے اور اوس کے لئے
علم اور شعور ہے ساتھ زیارت کرنیوالے کے خصوصًا خاص واسطے ارواح
کاملین کے بسبب قرب کے اللہ تعالیٰ کی طرف سے جیسا کہ تھا شعور زندگی میں
یا اُس سے بڑھ کر وَفِيْ مُخْتَصَرِ الطِّيْبِيِّ وَاَمَّا الْاِسْتِمْدَادُ بِاَهْلِ الْقُبُوْرِ
فَقَدْ اَنْكَرَهٗ بَعْضُ الْفُقَهَآءِ فَاِنْ كَانَ الْاِنْكَارُ بِاَنَّهٗ لَا اِسْمَاعَ لَهُمْ
وَلَا عِلْمَ لَهُمْ وَلَا شُعُوْرَ بِالزَّآئِرِ وَاَحْوَالِهٖ فَقَدْ ثَبَتَ بُطْلَانُهٗ وَ
اِنْ كَانَ بِاَنَّهٗ لَا قُدْرَةَ لَهُمْ وَلَا تَصَرُّفَ فِيْ ذٰلِكَ الْمَوَاطِنِ حَتّٰى يُمِدُّوْا
بَلْ هُمْ مَحْبُوْسُوْنَ عَنْ ذٰلِكَ وَمَشْغُوْلُوْنَ بِمَا عَرَضَ وَلِاَنْفُسِهِمْ مِنَ
الْمِحْنَةِ فَلَيْسَ ذٰلِكَ كُلِّيًّا خُصُوْصًا فِيْ شَانِ الْمُتَّقِيْنَ الَّذِيْنَ هُمْ اَوْلِيَآءُ
اللّٰهِ فَيُمْكِنُ اَنْ تَحْصُلَ لِاَرْوَاحِهِمْ عِنْدَ الرَّبِّ مِنَ الْقُرْبِ فِي الْبَرْزَخِ
وَالْمَنْزِلَةِ وَالْقُدْرَةِ عَلَى الشَّفَاعَةِ وَالدُّعَآءِ وَطَلَبِ الْحَاجَتِ

لِرَ اٰثَرِھِمُ الْمُتَوَسِّلِیْنَ بِھِمْ کَمَا یَحْصُلُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ترجمہ اور بیچ مختصر طیبی کے ہے اور اے پر استمداد ساتھ اہل قبور کے پس تحقیق انکار کیا اوس کا بعض فقہا نے پس اگر ہے انکار ساتھ اوس کے کہ مقرر نہین سماع اونکو اور نہ علم اور نہ شعور ساتھ زائر کے پس تحقیق ثابت ہو چکا بطلان اوس کا اور اگر ہے اسی سبب سے کہ نہین کچھ قدرت اونکو اور نہ تصرف اس مواطن مین تا کہ مدد کرین بلکہ وہ محبوس اور قید اور بند ہین اس سے اور مشغول ہین ساتھ اوسکے کہ ظاہر کی گئی واسطے جانون اون کی کے محنت اور عذاب سے پس نہین یہ کلی خصوصًا بیچ شان اون متقیون کے کہ وہ محب اور اولیاء اللہ ہین پس ممکن ہے حاصل ہونا اونکی ارواحون کے واسطے نزدیک رب کے عالم برزخ مین منزلت اور قدرت اوپر شفاعت اور دعا کے اور طلب حاجت واسطے زائر اپنے کے وہ زائر کہ وسیلہ پکڑنے والے ہین ساتھ اون کے جیسا کہ حاصل ہوگا یہ مرتبہ اونکو دن قیامت کے اور تحقیق تفسیر کی صاحب بیضاوی نے اور صاحب روح البیان نے اس قول خدا کی فَالْمُدَبِّرَاتِ اَمْرًا ساتھ نفوس پاکیزہ کے اور مفارقہ شہوات اور ابدان سے کہ عالم قدس مین جاکر اور مرتبہ اور کمالات حاصل کر کر ساتھ شرف اوسکے کے اور قوت اوسکی کے ہوتے ہین مدبرات سے وَمَآ اَدْرِیْ مَا الْمُرَادُ بِالْاِسْتِمْدَادِ یَنْفِیْہِ الْمُنْکِرُ وَالَّذِیْ نَفْھَمُ اَنَّ الدَّاعِیَ الْمُحْتَاجَ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی یَدْعُو اللّٰہَ وَیَطْلُبُ حَاجَتَہٗ مِنْ فَضْلِہٖ تَعَالٰی وَیَتَوَسَّلُ بِرُوْحَانِیَّۃِ ھٰذَا الْعَبْدِ الْمُقَرَّبِ عِنْدَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَیَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ بِبَرَکَۃِ ھٰذَا الْعَبْدِ الَّذِیْ اَرْحَمْتَہٗ وَاَکْرَمْتَہٗ اَقْضِ حَاجَتِیْ وَاَعْطِنِیْ سُؤَالِیْ اِنَّکَ الْمُعْطِیُ الْکَرِیْمُ اَوْ یُنَادِیْ ھٰذَا الْعَبْدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَ اللّٰہِ تَعَالٰی بِالْوَسِیْلَۃِ اَوْ یَقُوْلُ

یَا عَبْدَ اللّٰہِ وَیَا وَلِیَّ اللّٰہِ اِشْفَعْ لِیْ وَادْعُ رَبَّکَ وَسَلْہُ اَنْ یُّعْطِیَنِیْ سُؤَالِیْ وَیَقْضِیْ حَاجَتِیْ فَالْمُعْطِیْ وَالْمَسْئُوْلُ عَنْہُ وَالْمَامُوْلُ بِہٖ هُوَ الرَّبُّ تَعَالٰی وَتَقَدَّسَ وَمَا الْعَبْدُ فِی الْبَیْنِ اِلَّا وَسِیْلَۃٌ وَلَیْسَ الْقَادِرُ وَالْفَاعِلُ وَالْمُتَصَرِّفُ اِلَّا هُوَ وَلَوْ کَانَ هٰذَا شِرْکًا کَمَا یَزْعَمُہُ الْمُنْکِرُ فَیَمْنَعُ التَّوَسُّلَ وَطَلَبُ الدُّعَاءِ مِنَ الصَّالِحِیْنَ مِنْ عِبَادِ اللّٰہِ وَاَوْلِیَائِہٖ فِیْ حَالَۃِ الْحَیٰوۃِ اَیْضًا وَلَیْسَ ذٰلِکَ مَمْنُوْعًا بَلْ اَنَّہٗ مُسْتَحَبٌّ وَمُسْتَحْسَنٌ شَائِعٌ فِی الدِّیْنِ کَقَوْلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَرَادَ عَوْنًا فَلْیَقُلْ اَعِیْنُوْنِیْ یَا عِبَادَ اللّٰہِ ثَلٰثًا نَعَمْ اِنْ کَانَ الزَّائِرُوْنَ یَعْتَقِدُوْنَ اَهْلَ الْقُبُوْرِ مُتَصَرِّفِیْنَ قَادِرِیْنَ مِنْ غَیْرِ تَوَجُّہٍ اِلٰی حَضْرَۃِ الْحَقِّ وَالْاِلْتِجَاءِ کَمَا یَعْتَقِدُوْنَ الْعَوَامُ الْجَاهِلُوْنَ الْغَافِلُوْنَ وَکَمَا یَفْعَلُوْنَ غَیْرَ ذٰلِکَ مِنَ السَّجْدَۃِ بِالْقُبُوْرِ وَالصَّلٰوۃِ اِلَیْہِ مِمَّا وَقَعَ عَلَیْہِ النَّهْیُ وَالتَّحْذِیْرُ فَذٰلِکَ مِمَّا یُمْنَعُ وَیُحْذَرُ مِنْہُ وَفِعْلُ الْعَوَامِ لَا تُعْتَبَرُ قَطُّ فَهُوَ خَارِجٌ عَنِ الْمَبْحَثِ ثُمَّ اعْلَمْ اَنَّ الْخِلَافَ اِنَّمَا هُوَ فِیْ غَیْرِ الْاَنْبِیَاءِ مِنْ عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ وَلَا فِی الْاَنْبِیَاءِ لِاَنَّهُمْ اَحْیَاءٌ حَقِیْقَۃً بِالْحَیٰوۃِ الدُّنْیَوِیَّۃِ بِالْاِتِّفَاقِ صَلَوٰتُ اللّٰہِ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ **ترجمہ** اور نہیں جانتا میں کہ کیا مراد ہے ساتھ استمداد کے وہ استمداد ہے جس کی نفی کرتا ہے منکر اور جو استمداد کہ ہم سمجھتے ہیں وہ یہ ہے کہ تحقیق دعا کرنے والا محتاج طرف اللہ کے دعا کرتا ہے یعنے پکارتا ہے اللہ کو اور طلب کرتا ہے اپنی حاجت کو اللہ کے فضل سے اور وسیلہ پکڑتا ہے روح اوس بندے مقرب اور مکرم کو نزدیک اللہ کے اور کہتا ہے یا اللہ ساتھ برکت اس بندے کے کہ جس پر رحم کیا تونے اور اکرام کیا تونے روا کر حاجت میری اور دے سوال میرے کو

مقرر تو ہی ہے دینے والا غنی اور ندا کرتا ہے اس بندے مقرب خدا کو ساتھ وسیلے کے یا کہتا ہے اے بندۂ خدا یا اے ولی اللہ کے شفاعت کر میرے لئے اور دعا کر اپنے رب سے اور مانگ اوس سے یہ کہ دیوے مجھ کو سوال میرا اور روا کرے حاجت میری پس دینے والا اور جس سے سوال کیا گیا اور امید مانگی گئی وہ رب برتر اور پاک ذات ہے اور نہیں بندہ درمیان میں مگر وسیلہ اور نہیں قادر اور فاعل اور متصرف مگر اللہ سبحانہٗ اور اگر ہووے یہ وسیلہ شرک جیسا کہ گمان کرتا ہے منکر پس تو منع ہوتا وسیلہ اور طلب دعا صلحاے اور اولیاء اللہ سے حالت حیات میں بھی اور حالانکہ یہ منع نہیں ہے بلکہ بتحقیق مستحب اور مستحسن ہے بیچ دین کے مثل قول علیہ السلام کے مَنْ اَرَادَ عَوْنًا فَلْیَقُلْ اَعِیْنُوْنِیْ یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ یَا عِبَادَ اللّٰہِ ترجمہ بیت

دیکھ فرماتے ہیں کیا خیر البشر
تو یوں کہوے تمہیں بارے بالیقین
تو گواہی جس کی دے حصن حصین

ہو ارادہ استعانت کا اگر
تم مدد میری کرو اے صالحین
پس روا ہے استعانت بالیقین

ہاں اگر زائر اعتقاد کرنے والا ہو اہل قبور کو متصرف اور قادر بالذات بغیر توجہ اور رجوع کرنے سے طرف حضرت حق کے اور التجا کے جیسا کہ اعتقاد کرتے ہیں عوام جاہل غافل اور جیسا کہ کرتے ہیں سوا اس کے سجدے سے واسطے قبروں کے اور نماز طرف اوس کے اون چیزوں سے کہ واقع اور وارد ہوئی اوس پر نہی اور تحذیر پس وہ اون چیزوں سے کہ منع کیا جاتا ہے اور بچایا جاتا ہے اوس سے اور فعل عوام کا معتبر نہیں ہرگز پس وہ خارج ہے بحث سے پھر جان کہ تحقیق خلاف بیچ غیر انبیا کے ہے بندوں

صالحین سے اور نہ بیچ انبیا کے اس واسطے کہ مقرر انبیا زندہ ہین حقیقتاً ساتھ زندگی اور حیات دنیا کے بالاتفاق چنانچہ ذکر کیا گیا باب دویم مین سرور نازل ہوا اللہ کا اون سب پر فقط قَالَ الْغَوْثُ الْاَعْظَمُ اِنَّ قُلُوْبَ النَّاسِ بِيَدِیْ اِنْ شِئْتُ صَرَفْتُهَا عَنِّیْ وَاِنْ شِئْتُ اَقْبَلْتُهَا اِلَیَّ وَاَيْضًا قَالَ الْاِبْرَاهِيْمُ اَعْطَانِیْ رَبِّیَ التَّصَرُّفَ فِیْ كُلِّ مَنْ حَضَرَنِیْ فَلَا يَقُوْمُ اَحَدٌ وَلَا يَقْعُدُ وَلَا يَتَحَرَّكُ فِیْ حَضْرَتِیْ اِلَّا وَاَنَا فِيْهِ مُتَصَرِّفٌ هٰذَا نُقِلَ عَنِ الْاِمَامِ الْيَافِعِیْ فِیْ خُلَاصَةِ الْمَفَاخِرِ وَبَهْجَةِ الْاَسْرَارِ وَهٰكَذَا نُقِلَ عَنِ الْاِمَامِ تَقِیِّ الدِّيْنِ السُّبْكِیِّ وَابْنِ الْحَجَرِ الْمَكِّیِّ فِیْ مَنَاقِبِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ النُّعْمَانِ عَنِ الشَّافِعِیِّ وَعَبْدِ الْحَقِّ الدِّهْلَوِیِّ فِیْ تَرْجَمَةِ الْمِشْكٰوةِ وَتَكْمِيْلِ الْاِيْمَانِ وَشَرْحِ الْجَامِعِ الصَّغِيْرِ وَلٰكِنْ تَرَكْنَا لِلْاِخْتِصَارِ اَللّٰهُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَارْزُقْنَا اتِّبَاعَهٗ وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَارْزُقْنَا اجْتِنَابَهٗ وَاهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ **ترجمہ** کہا حضرت غوث الاعظم رحمہ اللہ نے مقرر دل لوگون کے میرے ہاتھ مین ہین جیا ہون پھیر دون اپنی طرف سے اور اگر چاہون پھیرلون اپنی طرف کو اور کہا ابراہیم نے عطا کیا مجھ کو رب نے میرے تصرف بیچ ہر شخص کے جو حاضر ہین میری حضور مین پس نہین کھڑا ہوتا کوئی اور نہ بیٹھتا اور ہلتا ہے میری حضور مین مگر مین بیچ اوسکے متصرف ہون یہ دونون نقلین کی گئین امام یافعی رحمہ اللہ سے خلاصۃ المفاخرین اور بہجۃ الاسرار مین اوراسی طرح نقل نقل کی گئی امام تقی الدین سبکی اور ابن حجر مکی سے مناقب ابوحنیفۃ النعمان مین حضرت امام شافعی رحمہ اللہ سے اور عبدالحق دہلوی سے ترجمہ مشکوٰۃ مین اور تکمیل الایمان مین اور شرح جامع صغیر مین لیکن ترک کیا مین نے واسطے اختصار

کے یا اللہ دکھا ہم کو راہ حق کو حق اور باطل کو باطل اور نصیب کر ہم کو اتباع حق کا اور نصیب کر ہم کو بچنا باطل سے اور دکھا ہم کو راہ سیدھی

الباب الثانی عشر فِی السَّفَرِ مِنَ الْبَعِیْدِ لِزِیَارَۃِ رَوْضَۃِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَلَوْ اَنَّھُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ جَآءُوْکَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰہَ وَاسْتَغْفَرَ لَھُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰہَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا وَقَالَ ابْنُ حَجَرِ الْمَکِّیُّ فِیْ جَوَاھِرِ الْمُنَظَّمِ ھٰذِہِ الْاٰیَۃُ دَالَّۃٌ عَلٰی تَرْغِیْبِ الْمُسْلِمِیْنَ لِلسَّفَرِ وَالْمَشْیِ وَالْحُضُوْرِ فِیْ خِدْمَۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِلْاِسْتِغْفَارِ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَاَیْضًا دَالَّۃٌ عَلَی الْحُضُوْرِ وَالْمَجِیْءِ بَعْدَ الْاِنْتِقَالِ لِلْاِسْتِغْفَارِ لِاَنَّہٗ صَلْعَمْ حَیٌّ بِجَسَدِہٖ وَرُوْحِہٖ بِھَیْئَتِہِ الَّتِیْ کَانَ قَبْلَ وَفَاتِہٖ وَلَمْ یُبَدَّلْ مِنْہُ شَیْءٌ کَمَا مَرَّ

ترجمہ باب بارھوان درمیان ذکر سفر کرلے کے راہ دور و دراز سے واسطے زیارت روضۂ نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا اللہ برترنے وَلَوْ اَنَّھُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا آخر آیت تک یعنے اگر یہ لوگ جس وقت کہ ظلم کرتے ہین جانون اپنی کو آوین تیرے پاس پس بخشش مانگین اللہ سے اور بخشش مانگے واسطے اونکے رسول البتہ پاوین گے اللہ کو پھر آنیوالا مہربان اور کہا ابن حجر مکی نے جواہر المنظم مین کہ یہ آیت دلالت کرتی ہے اوپر رغبت دلانے مسلمانون کے واسطے سفر کرنے کے اور چلنے اور حاضر ہونے کے خدمت مین سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے استغفار کے اللہ تعالیٰ سے اور بھی دلالت کرتی ہے اوپر حضور اور آنے کے خدمت مین حضرت کے بعد انتقال کے واسطے شفاعت کے اس واسطے کہ تحقیق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہین ساتھ بدن اور روح اپنی کے ساتھ اوسی صورت کے جیسے کہ تھے اول وفات سے

زندگی مین اور نہ بدلی اون سے کوئی چیز جیسا کہ گذرا ذکر اوس کا باب دویم مین
وَذَكَرَ الْحَافِظُ عَبْدُ اللهِ فِي الْمِصْبَاحِ الظَّلَامِ جَاءَ الْبَدَوِيُّ عَلَى قَبْرِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ وَفَاتِ النَّبِيِّ وَقَبَضَ التُّرَابَ
مِنَ الْقَبْرِ وَصَبَّ عَلَى رَأْسِهِ وَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ ظَلَمْتُ عَلَى نَفْسِي
وَجِئْتُ فِي حُضُورِكَ لِتَطْلُبَ الْاِسْتِغْفَارَ لِي فَجَاءَ النِّدَاءُ عَنِ الْقَبْرِ
قَدْ غَفَرَ اللهُ لَكَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ زَارَ قَبْرِي
وَجَبَتْ لَهُ شَفَاعَتِي رَوَاهُ الدَّارُقُطْنِيُّ فِي السُّنَنِ الْبَيْهَقِيِّ وَمَعْنَى وَ
جَبَتْ أَنَّهَا ثَابِتَةٌ لَهُ وَلَا بُدَّ مِنْهَا بِالْوَعْدِ الصِّدْقِ وَقَوْلُهُ لَهُ أَيْ
يَخْتَصُّ هُوَ بِشَفَاعَةٍ لَيْسَتْ بِغَيْرِهِ أَوْ يُفْرَدُ بِشَفَاعَةٍ مِمَّا يَحْصُلُ لِغَيْرِهِ
تَشْرِيفًا لَهُ وَإِنْ دُخُولَهُ فِي الشَّفَاعَةِ لَا بُدَّ فَهُوَ بُشْرَى بِمَوْتِهِ مُسْلِمًا
وَقَوْلُهُ شَفَاعَتِي أَيْ أَنَّهُ يَشْفَعُ فِيهِ بِنَفْسِهِ وَالشَّفَاعَةُ تَعْظِيمًا
يَعْظُمُ الشَّافِعُ **ترجمہ** اور ذکر کیا حافظ عبد اللہ نے مصباح الظلام مین
آیا ایک بدوی قبر پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعد تین دن وفات نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کے سے اور مٹھی خاک سے بھری قبر مبارک سے اور ڈالی سر پر اپنے
اور کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظلم کیا مین نے اپنی جان پر اور آیا حضور
مین آپ کے واسطے اس کے کہ طلب کرین آپ بخشش واسطے میرے پس
آئی ایک آواز قبر حضرت سے مقرر بخشا اللہ نے واسطے تیرے اور فرمایا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے زیارت کی میری قبر کی واجب ہوئی
